10 فروری 2012

رواں مالی سال کے پہلے سات مہینوں کے دوران ترسیلات زر 21 فیصد سے زائد اضافے سے 7.44 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز نے رواں مالی سال 12-2011 کے پہلے سات مہینوں (جولائی 2011 ۔جنوری 2012) کے دوران 7,435.98 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی ۔جنوری 2011) کی ترسیلات زر 6,118.00 ملین ڈالر کے مقابلے میں 1,317.98 ملین ڈالر یا 21.54 فیصد زیادہ رہیں۔

رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ کے دوران دنیا کے تمام ممالک سے ترسیلات زر کی آمد میں اضافہ ہوا۔ جولائی ۔جنوری 2012 کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 2,008.47 ملین ڈالر، 1,644.34 ملین ڈالر، 1,328.31 ملین ڈالر، 853.47 ملین ڈالر، 845.41 ملین ڈالر اور 215.64 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی ۔جنوری 2011 کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 1,353.40 ملین ڈالر، 1,437.05 ملین ڈالر، 1,145.71 ملین ڈالر، 669.70 ملین ڈالر، 721.47 ملین ڈالر، 195.66 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ (جولائی ۔جنوری 2012) کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 540.34 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ گذشتہ مالی سال کے پہلے سات ماہ (جولائی ۔جنوری 2011) کے دوران ان ممالک سے 594.98 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

جولائی تا جنوری 2012ء کے دوران ماہانہ اوسط ترسیلات زر 1,062.28 ملین ڈالر رہیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کی اوسط ترسیلات زر (874.00 ملین ڈالر) کے مقابلے میں 21.54 فیصد زیادہ ہیں۔

جنوری 2012 میں بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے 1,110.64 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی مہینے کی ترسیلات زر 826.57 ملین ڈالر کے مقابلے میں 34.37 فیصد زیادہ رہیں۔

جنوری 2012ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 346.58 ملین ڈالر، 231.42 ملین ڈالر، 178.07 ملین ڈالر، 127.12 ملین ڈالر، 124.22 ملین ڈالر اور 26.50 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جنوری 2011ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 209.58 ملین ڈالر، 181.40 ملین ڈالر، 148.03 ملین ڈالر، 92.53 ملین ڈالر، 95.18 ملین ڈالر اور 23.56 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ جنوری 2012ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 76.73 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ جنوری 2011ء کے دوران ان ممالک سے 76.29 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن موصول ہوئی تھیں۔